تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 20, 2024

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے چار ایم بی اے طلبا کو چوبیس اعشاریہ پانچ لاکھ سالانہ پیکیج کے ساتھ ہوم سینٹر (دبئ) نے منتخب کیا

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اعلان کرتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے کہ ڈپارٹمنٹ آف مینجمنٹ اسٹڈیز میں ایم بی اے چار طلبا کو دبئ کی ایک سرکردہ ریٹیل برانڈ ہوم سینٹر نے چوبیس اعشاریہ پانچ لاکھ سالانہ کے ساتھ منتخب کیا ہے۔ مذکورہ کمپنی کو بطور مینجمنٹ ٹرینی جوائن کرنے والے منتخب طلبا نے اپنے پورے تعلیمی سفر میں غیر معمولی قابلیت ولیاقت، انہماک اور پیشہ ورانہ ذکاوت کا مظاہرہ کیا ہے۔ یو پی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی متواتر یہی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنے طلبا کو بہترین تربیت اور پلیسمنٹ کے مواقع فراہم کرے۔ یو پی سی کی اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر راحیلہ فاروقی نے ان کی اس شان دار کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ کمپنی کے ایچ آر طلبا کی معلومات سے خوش تھے۔ یو پی سی ماک گروپ مباحثوں کے انعقاد سے طلبا کی ٹریننگ کراتی رہتی ہے۔ جامعہ نے منتخب طلبا کو مبارک باد دی اور ان کی پیشہ ورانہ زندگی میں مزید کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی